13/07/2025

12.30 /PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ خواتین کو ہنر مند بنا کر انہیں با اختیار بنانا انکی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوننے بلپورہ شوپیان آرمی گڈ وِل سکول اور جنوبی کشمیر کے دیگر5مراکز سے ہنر مندی کی تربیت مکمل کرنے والی خواتین میں کئی سلائی مشینیں اور اسناد تقسیم کئے۔

اپنی تقریر میں منوج سنہا نے کہا کہ ایسے اقدامات کا مقصد خواتین کو اقتصادی اعتبار سے خود کفیل بنانا ہے۔

اس دوران لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اس وقت کشمیر یونیورسٹی کے شمالی کیمپس واقع دلنہ بارہمولہ میں ایک تقریب میں شرکت کر رہے ہیں۔

وہ وہاں ملی ٹینسی سے متاثرہ افراد اور کنبوں کے قریبی رشتہ داروں سے راست بات چیت کر رہے ہیں، جنہیں ایل جی موصوف سرکاری ملازمتوں کے تقرر نامے پیش کررہے ہیں۔

سریندر کمار

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے اسپتالوں میں مریضوں کےلئے علاج و معالجے کی معیاری خدمات دستیاب کرنے پر زور دیا ہے۔ انہوننے کہا کہ سرکار دیہی علاقوں میں طبی نگہداشت کی سہولیات بڑھانے پر کام کر رہی ہے۔

سب ڈسڑکٹ اسپتال اکھنور کے معائنے کے دوران انہوننے وہاں مریضوں کےلئے دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

صحت

کی Allergies صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے موسمی تبدیلیوں کے ساتھ ہونے والی بروقت تشخص کے علاوہ اس بارے میں عوامی سطح پر جانکاری عام کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

جواہر لعل نہرو میموریل اسپتال سرینگر میں منعقد کر دہ " ٹرِپل مائل سٹون مومنٹ2025" کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے جمونو کشمیر بھر میں طبی بنیادی ڈھانچے کو بڑھانے کی سرکار کی حالیہ کوششوں کا تفصیلی خلاصہ کیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے یو ٹی میں سماج کے پِچھڑے طبقے کے لوگوں کیلئے عملائی جا رہی مختلف فلاحی اسکیموں کی عمل آوری کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اسکیموں کی موثر عمل آوری کو زمینی سطح پر یقینی بنائیں ۔

میٹنگ میں بتایا گیا کہ سماجی بہبود محکمہ اس وقت چار ہزار تین سو 61کروڑ روپے کی لاگت والی 46اسکیمیں عملا رہا ہے۔

IGP

پولیس محکمے میں175اسسٹنٹ سب انسپکٹروں کو// سب انسپکٹروں کے بطور ترقی دی گئی ہے۔ اس سلسلے میںآئی جی پی کشمیر وی کے بردی کی طرف سے باضابطہ ایک آرڈر جا ری کیا ہے۔

نے ترقی پانے والے افسروں کو مبارکباد دیتے ہوئے اُن سے کہا کہ وہ امن و قانون کا IGP ماحول بنائے رکھنے کےلئے مزید لگن کے ساتھ اپنی پیشہ وارانہ خدمات انجام دیں۔

امر نا تھ جی یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جا ری ہے اور آج دن میں12بجے تک مزید7ہزار544 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

اس طرح سے مجموعی طور پر ایک لاکھ 90 ہزار 290یاتری شیولنگم کے درشن کر چکے ہیں۔

دریں اثناءجموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید7ہزار49 یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ کیا گیا۔

تاج محمد

وادی میں گرم موسمی صورتحال اور کم بارشوں کے نتیجے میں کئی علاقوں میں لوگوں کو آبپاشی کے ساتھ ساتھ پینے کے پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ایسے میں محکمہ جل شکتی کے چیف انجینئر کشمیر تاج محمدچودھری نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پینے کے پانی کا منصفانہ استعمال کرتے ہوئے اسے باغات یا گاڑیاں دھونے کےلئے ہرگز خرچ نہ کریں۔

وہ کولگام میں واٹر سپلائی کے ایک بڑے پروجیکٹ کی افتتاحی تقریب کے حاشیے پر ہمارے نمائندے خورشید پڈرو سے با ت کر رہے تھے۔

--(Taj Mohd)--Byte----

سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو کی صدارت میں ضلع سطح کی جائزہ کمیٹی اور مشاورتی کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران سرکار کی معاونت والی سکیموں کی عمل آوری میں بینکوں اور دیگر متعلقہ مالی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر نے ضلعے میں کام کرنے والے بینکوں اور متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ HADP اور اسطرح کی دیگر سکیموں کی موثر عمل آوری یقینی بنائیں۔ مشن یوا،

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے سمبل شادی پورہ میں قائم یاترا ٹرینزٹ کیمپ کا دورہ کر کے وہاں شری امر ناتھ جی یاتریوں کےلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔

انہوننے ساتھ ہی مقامی لوگوں کے ساتھ بھی بات چیت کی اور انکے مسائل کے بارے میں استفسار کیا۔

دریں اثناءڈپٹی کمشنر موصوف نے کھیل کود اور امور نوجوان کی مرکزی وزارت کے زیر اہتمام کک بکسنگ لیگ2025-26کا بھی افتتاح کیا۔ Asmita سمبل کے ایک سکول میں ملک گیر پہل

ایگزیوم فور

بین الاقوامی اسٹیشن کے مشن پر گئے ہوئے ایگزیوم فور کی ان ڈاکنگ کل سہ پہر ساڑھے4بجے کےلئے طے ہے۔ اس مشن کے ساتھ بھارتی خلاءباز کیپٹن شبھانشو شکلا کے علاوہ3مزید کریو ممبران گئے ہوئے ہیں۔

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے جانکاری دی ہے کہ یہ خلاء15جولائی کو سہ پہر 3بجے کے قریب زمین پر واپس لینڈ کریں گے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ